# ا[خیبر پختونخوا] کے درخت اور جھاڑیوں کے تحفظ کا قانون 1949

## فہرست

**تمہید:**

**دفعات:**


1۔ مختصر عنوان، وسعت اور نفاذ۔

2۔ تعریفیں۔

3۔ اس قانون کے تحت جرائم روکنے کی ذمہ داری۔

4۔ گاؤں والوں کیلئے مشترکہ ذمہ داری۔

5۔ سزا۔

6۔ اختیار پر بندش

7۔ صوبائی حکومت کا قوانین بنانے کا اختیار۔


---

ا۔ خیبر پختونخوا کے ایکٹ IV، 2011 کے متبادل۔

# ۲[خیبر پختونخوا] کے درخت اور جھاڑیوں کے تحفظ کا قانون 1949

## (قانون نمبر VII آف 1949)

### ایک قانون

تا کہ حکومت اور مقامی انتظامیہ (لوکل باڈیز) کی ملکیتی درختوں اور جھاڑیوں کا تحفظ کیا جائے۔

**دیباچہ:**

ہر گاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ درختوں، جھاڑیوں کا تحفظ یقینی ہو۔ اس کی تدوین اس طرح ہوگی۔

۱۔ **مختصر عنوان وسعت پر نفاذ:**

۱۔ اس قانون کو خیبر پختونخوا کے درختوں اور جنگلی جھاڑیوں کے تحفظ کا قانون 1949 کہا جائیگا۔

۲۔ اس کی توسیع تمام ۳[خیبر پختونخوا] میں ہوگی۔

۳۔ یہ قانون فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفیں:**

اس قانون میں جب تک متن سے کوئی اور مراد نہ ہو۔ اگلے اسلوب کی معنی حسب ترتیب بیان کیا جارہا ہے یعنی۔

۴[a*******]

الف) لوکل باڈیز (مقامی انتظامیہ) کا مطلب ۵[خیبر پختونخوا] میں میونسپل کمیٹیاں اعلان کردہ ایریا/علاقے کی کمیٹیاں، کنٹونمنٹس اور ضلعی بورڈز ہیں۔

ب) درختوں سے مراد ہر طرح کے درخت جو حکومت یا مقامی انتظامیہ (لوکل باڈیز) کے ہیں۔

پ) جھاڑ کا مطلب تمام لکڑیوں والے پودے، پھلدار درخت، جھاڑیاں، جھاڑ اور چھوٹے درخت جو حکومت کا مقامی انتظامیہ یعنی لوکل باڈیز کے ہیں۔

ت) اس قانون کے تحت جرم سے مراد:

۱۔ درختوں کا جھاڑیوں کی کٹائی یا تراشی ہے۔

---

۱۔ خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر IV، 2011 کے تبادل

۲۔ خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر IV، 2011 کے تبادل

۳۔ خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر IV، 2011 کے تبادل

۴۔ شق، الف، ترک کردہ، ڈبلیو پی قوانین (تکمل ملاحوا) آرڈر 1964 اس ایک شیڈول پارٹ III۔

۵۔ خیبر پختونخوا ایکٹ IV کے تبادل۔

۲۔ شاخوں کی کٹائی، تراشی، پتے جھاڑنا، آگ لگانا، آگ جلانا یا جلایا گیا آگ ان حدود میں چھوڑنا خطرے میں ڈالنے والی آگ کو لے جانا یا رکھنا، مویشیوں کا آزاد چھوڑ کر درختوں یا جھاڑیوں کو نقصان پہنچانا، خواہ وہ کھڑے ہوں یا گرائے گئے ہوں۔

۳۔ کسی بھی گرے ہوئے یا گرائے گئے درخت یا جھاڑی یا اس کے کسی حصے کو ہٹانا۔

۴۔ اس قانون کے تحت بنے ہوئے قوانین توڑنا/خلاف ورزی کرنا۔

**بشرطیکہ** کوئی کام مجاز اتھارٹی کے تحریری اجازت یا ان قوانین کے کسی ضابطے کے تحت کیا جائے۔ وہ جرم تصور نہ ہوگا۔

**3۔ اس قانون کے تحت جرائم روکنے کی ذمہ داری:**

ا۔ ہر وہ شخص جو معمول کے مطابق کسی گاؤں میں رہتا ہو یا قابض یا اراضی کا مالک ہو، جو جھاڑیوں یا درختوں کی نزدیکی حدود میں ہو۔ ہر وہ اراضی کا مالک یا قابض جو درختوں اور جھاڑیوں کے قریب وہ اس بات کے پابند ہوں گے کہ وہ بغیر کسی تاخیر کے نزدیکی پولیس سٹیشن یا مجسٹریٹ کو کوئی بھی معلومات (انفارمیشن) کسی جرم کے سرزد ہونے یا اس قانون کے تحت کسی بھی ارادہ جرم کی سرزدگی کا دیں۔ اسکے علاوہ وہ ایسے جرائم روکنے کے بھی پابند ہوں گے۔

۲۔ ہر وہ شخص جو اس سیکشن کے تحت عائد کردہ ذمہ داری سے غفلت کریں اسے تین سال یا جرمانہ یا دونوں کی سزا دی جا سکے گی۔

**4۔ گاؤں والوں کی مشترکہ ذمہ داری:**

ا۔ اس قانون کے تحت فراہم کردہ تفصیلات، یا کسی سزا پر اثر انداز ہوئے بغیر، صوبائی حکومت ان درختوں اور جھاڑ کے قریب رہنے والے تمام گاؤں پر یا کسی مخصوص گاؤں پر، یا کسی اراضی کے مالک پر، یا اراضی کے قابض پر اضافی جرمانہ بھی عائد کر سکتا ہے۔ جہاں اس قانون کے تحت کوئی جرم سرزد ہوا ہو۔ اس حقیقت کے برعکس/باوجود کے جرم سرزد کرنے والا معلوم ہو یا نہ ہو۔

۲۔ صوبائی حکومت، اس سیکشن کے ذیلی سیکشن/دفعہ 1 کے تحت اپنے اختیارات کے مطابق گاؤں کے نمائندوں، مالکان یا قابضین اراضی کو جس پر جرمانہ عائد کیا جا رہا ہو۔ ایک موقع برائے شوکاز نوٹس (وجہ بتانے کی اطلاع) کے ان پر جرمانہ کیوں عائد نہ کیا جائے؟

۳۔ جرمانہ جو عائد کیا جائے اس کو بطور لینڈ ریونیو کے بقایاجات کے طور وصول کیا جائیگا۔

**5۔ سزا:**

کوئی شخص جو اس قانون کے تحت جرم کریں کو تین سال قید یا جرمانہ یا دونوں کی سزا دی جا سکے گی۔

6۔ **اختیارات پر پابندی:**

سیکشن (دفعہ IV) کے تحت کسی بھی حکم کو عدالت میں چیلنج نہیں کیا جائیگا۔

7۔ **صوبائی حکومت کا قوانین بنانے کا اختیار:**

ا۔ صوبائی حکومت اس ایکٹ (قانون) کے مقاصد کے حصول کیلئے قوانین وضع کر سکتا ہے۔

۲۔ خصوصاً گزشتہ اختیارات کے عمومیت پر اثر انداز ہوئے بغیر یہ قوانین اگلے آنے والے معاملات کیلئے ایسے قوانین فراہم کر سکتے ہیں۔

(الف) عہدیداران (افسران) کو مقرر کرنا، جو مجاز ہوں کہ لوگوں کو ایسے کام کی بھی اجازت دے سکیں جو اس قانون کے تحت جرم کرتا ہو۔

(ب) کسی بھی درخت یا جھاڑی کو خواہ وہ کھڑے ہو یا گرے ہو یا گرائے گئے ہو۔ اس کی تحفظ یا سپردگی کیلئے ہدایات دے سکتے ہیں۔

(ت) ان عہدیداران کی نشاندہی (تقرری) جس کے پاس کسی بھی گاؤں کے مالکان اراضی کے نمائندے یا قابضین اراضی گاؤں والوں مالکان اراضی، یا قابضین اراضی پر اس قانون کے تحت جرمانہ نہ لگانے کی وجہ بتا سکے۔